29/05/2025

09.25 AM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ **بصارت غل** سے خبریں سُنئے

**لیفٹنٹ گورنر**

لیفٹنٹ گورنرمنوج سنہا نے کہا ہے کہ آئین ہند نے خواتین کو بلا کسی امتیاز کے مساوی حقوق دیئے ہیں۔ انہوں نے کہاکہ آج ہماری بیٹیاں کامیابی کی نئی تواریخ رقم کر رہی ہیں۔ وہ راج بھون سرینگر میں کشمیر وومنز آرگنائزیشن کے ارکان سے تبادلہ خیال کر رہے تھے۔

**وزیر اعلیٰ**

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ جموں کشمیر میں سیاحت کو واپس پٹری پر لانے کے لئے کوششیں جاری ہیں ۔ انہوں نے کل مشہور سیاحتی مقام گلمرگ میں کابینی وزراءاور اعلیٰ عہدیداروں کی ایک میٹنگ میں مختلف محکموں کی کار گزاری کا جائزہ لیا ۔ اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سیاحتی مقامات پر اس طرح کی میٹنگوں کا انعقاد محض علامتی نہیں ہے بلکہ ان کا مقصد یہ ہے کہ کشمیر کی سیر کے لئے سیاحوں کا اعتماد بڑھایا جا سکے ۔

--------BYTE -------

اس سے ایک دن قبل پہلگام میں بھی کابینہ کی ایک میٹنگ منعقد کی گئی جہاں وزیر اعلیٰ نے اعلان کیا کہ پہلگام حملے کے شہیدوں کے اعزاز میں ایک یادگار تعمیر کیا جا ئے گا ۔

**بشیر احمد ویری**

ایم ایل اے بجبہاڑہ سری گفوارہ ڈاکٹر بشیر احمد ویری نے کل کمیونٹی ہیلتھ سینٹر بجبہاڑہ میں وزیر اعظم کے قومی ڈائلیسز پروگرام کے تحت ایک ڈائلیسز سینٹر کا افتتاح کیا۔ ہمارے اننت ناگ

کے نمائند ے تصدق رشید سے بات کرتے ہوئے ایم ایل اے موصوف نے کہا کہ یہ مقامی لوگوں کی ایک دیرینہ مانگ تھی۔

--(Veeri)--Byte----

**ذی الحجہ**

اسلامی کیلنڈر کے آخری مہینے ذی الحجہ کا آج سے آغاز ہو گیا ہے ۔ اس مہینے میں فرزندانِ توحید حج کا فریضہ ادا کرتے ہیں ۔

یہ مبارک مہینہ شروع ہونے پر جموں کشمیر کے مفتی اعظم مفتی ناصر الاسلام نے عوام کو مبارک باد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہمیں عید الاضحی کے موقعے پر ضرورت مندوں کا خاص خیال رکھنا چاہئے ۔ واضح رہے کہ عید الاضحی کی تقریب سعید 7 جون کو منائی جائے گی ۔

**آیوش سمینار**

جڑی بوٹیوں کی کاشت کو آمدنی کے ایک متبادل ذریعے کے طور پر متعارف کرنے کی غرض کولگام کی Pombay سے ڈائریکٹوریٹ آف آیوش اینڈ میڈسنل پلانٹس بورڈ اور کرشی وِگیان کیندر جانب سے ایک سمینار منعقدکیا گیا ۔

سمینار میں ڈپٹی کمشنر کولگام اطہر عامر خان کے علاوہ کچھ زرعی سائنس دان اور تکنیکی عہدیدار بھی موجود تھے ۔ جڑی بوٹیوں میں کسانوں کی دلچسپی کے بارے میں ہمارے نمائندے خورشید پڈرو کے ساتھ بات کرتے ہوئے کولگام کے ضلع نوڈل آفیسر آیوش ڈاکٹر عبدالرحمٰن نے کہا ۔

---------BYTE-------

**چنار کور**

فوج کی چنار کور کے کمانڈرپرشانت سری واستوا نے وڈون خطے میں سلامتی صورتحال کا موصوف نے جنوبی کشمیر GOC جائزہ لینے کے علاوہ مقامی لوگوں کے مسائل کی سماعت کی ۔ میں کام کرنے والے دہشت گرد مخالف گرڈ بیسوں کا بھی دورہ کر کے وہاں نگرانی اور آپریشنل تیاری کی صورتحال کا جائزہ لیا ۔

**کرشی سنکلپ ا بھیان**

زرعی شعبے کو ترقی کی بلندیوں تک لے جانے اور کسانوں کے معیار حیات میں بہتری لانے کےلئے ملک بھر کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر کے سبھی بیس اضلاع میں آج سے وکست کرشی سنکلپ ا بھیان شروع ہو رہا ہے۔یہ مہم12جون تک جاری رہے گی ، جس کے تحت ڈیڑھ کروڑ کسانوں کو کاشتکاری کے جدید طور طریقوں اور اعلیٰ پیدا واری صلاحیت کے بیجوں کے فوائد سے روشنا س کرایا جا ئے گا۔جمونو کشمیر میں شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچر سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر احمد گنائی اس ابھیان کے نوڈل آفیسر ہیں ۔

**آپریشن سندور**

آپریشن سندور کے بعد بھارت کی طرف سے جاری سفارتی مہم کے تحت کل جماعتی پارلیمانی وفود اس وقت 8 الگ الگ ممالک میں پاکستانی انتہا پسندی کو بے نقاب کر رہے ہیں ۔پارلیمنٹ ممبر سنجے کمار جھا کی قیادت والے وفد نے انڈونیشیا میں وہاں کی قیادت سے ملاقات کی ۔اسی طرح سے کانگریس ایم پی ششی تھرور کی قیادت والا وفد آج پناما میں ہےں ۔

**درجہ حرارت**

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 3 اعشاریہ 5ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 25 اعشاریہ 6 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ